© rasailojaraid.com



مقام کا لازمی تقاضا ہے۔ بقولِ علامہ اقبالؒ ؎

سبق پھر پڑھ صداقت کا، عدالت کا، شجاعت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کی

علامہ اقبالؒ مزید فرماتے ہیں ؎

ناموس ازل را تو امینی تو امینی! دا رائے جہاں را تو یساری تو یمینی
اے بندۂ خاکی تو زمانی تو زمینی صہبائے یقین درکش و از دیر گماں خیز
از خوابِ گراں، خوابِ گراں، خوابِ گراں خیز
از خوابِ گراں خیز

فریاد ز افرنگ و دل آویزیٔ افرنگ فریاد ز شیرینی و پرویزیٔ افرنگ
عالم ہمہ ویرانہ ز چنگیزیٔ افرنگ معمارِ حرم! باز بہ تعمیر جہاں خیز
از خوابِ گراں، خوابِ گراں، خوابِ گراں خیز
از خوابِ گراں خیز

## اہل حدیث دینی مدارس کے منتظمین کے لئے!

محدث کے گذشتہ شمارے (مئی ۲۰۰۲ء) میں 'اہل حدیث کے دینی مدارس و جامعات' کے حوالے سے ایک مضمون شائع کیا گیا تھا۔ جس میں مضمون نگار نے قیامِ پاکستان سے قبل اور بعد میں، اہل حدیث مدارس کا ایک مختصر تعارف پیش کیا تھا۔ اختصار کے پیش نظر بعض مدارس کا اس میں صرف چند سطروں میں تذکرہ ہوسکا اور بعض مدارس کا تذکرہ سرے سے رہ گیا۔ جس کے بارے میں ادارۂ محدث کو مختلف مقامات سے شکایت بھی موصول ہوئی ہے۔

ادارہ کے علم میں اس وقت بھی چند مدارس آئے تھے جن کا اضافہ اس مضمون میں کیا گیا تھا، لیکن اگر ایسے کسی ادارے کا تذکرہ رہ گیا ہے تو وہ دانستہ نہیں۔ ہم نے اس مضمون کے آخر میں بھی 'اہل حدیث خواتین مدارس' کے تذکرے کے لئے ایک مضمون مختص کرنے کا اعلان کیا تھا، اب اس اعلان کے ذریعے ہم رہ جانے والے مدارس کے ذمہ دار حضرات کو مطلع کرتے ہیں کہ وہ اوّلین فرصت میں اپنا مختصر تعارف ہمیں ارسال کریں، تاکہ ان کو جمع کرکے ایک تکمیلی مضمون کی صورت میں انہیں بھی کسی قریبی شمارے میں شائع کیا جاسکے۔ یاد رہے کہ ہمارے پیش نظر خالص دینی تعلیمی ادارے ہی ہیں۔

جو ادارے ریکارڈ کی درستی کیلئے اپنا مختصر تعارف ہمیں ارسال کریں گے، ادارہ 'محدث' ان کا شکرگزار ہوگا۔

www.KitaboSunnat.com